© rasailojaraid.com

# تبصرے

**بشریت انبیاء قرآن مجید کی روشنی میں** ۔ از مولانا عبدالماجد دریا بادی ۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۲۳ صفحات ۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت ۔ پتہ :۔ صدق جدید بک ایجنسی ۔ کچہری روڈ ۔ لکھنؤ ۔

دنیا میں قوموں کی گمراہی اور ہلاکت کا بڑا سبب ہمیشہ یہ رہا ہو کہ پیغمبروں کی وفات کے بعد انھوں نے اُن کی تعلیمات کو پس پشت ڈالکر خود اُن کو الوہیت میں شریک مان لیا ہو یا خدائی صفات و کمالات اُن کی طرف منسوب کر دیئے ہیں اس بنا پر قرآن مجید میں بار بار بڑے شد و مد سے پیغمبروں اور یہاں تک کہ خود خاتم الانبیاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کا تذکرہ کیا گیا ہے اور بشری اوصاف و خصائص اُن کے لئے ثابت کئے گئے ہیں، تاکہ عقیدہ توحید اپنی اصلی شکل وصورت میں باقی رہے اور اُن کے اسوۂ حسنہ ہونے کے بارہ میں کسی قسم کا تساہل اور مداہنت راہ نہ پائے ۔ مولانا عبدالماجد صاحب دریا بادی نے اس کتاب میں جو دس ابواب پر مشتمل ہے وہ تمام آیاتِ قرآنی مع اُن کے اُردو ترجمہ اور مختصر تشریح کے یکجا کر دی ہیں جن میں پیغمبروں کی عبدیت و بشریت اور اُن کے لوازم مثلاً کھانا، پینا، سونا جاگنا ۔ شادی بیاہ کرنا ۔ غمگین و خوف زدہ ہونا ۔ شکست کھانا ۔ غصہ کرنا ۔ نسیان میں مبتلا ہوجانا اور پھر طبعی موت سے وفات پا جانا یا شہید ہوکر دنیا سے رخصت ہوجانا وغیرہ بیان کئے گئے ہیں ۔ ان سب آیات کا مطالعہ یکجائی طور پر کیا جائے تو اس میں ذرا شبہ باقی نہیں رہتا کہ انبیائے کرام حیاتِ ناسوتی میں بشر ہی ہوتے ہیں ۔ یہی عقیدہ حق اور عین قرآن کی تعلیم کے مطابق ہو ۔ اس زمانہ میں جبکہ مسلمان پیغمبر تو پیغمبر بزرگوں تک کے متعلق غیر شعوری طور پر مشرکانہ عقیدہ رکھنے لگے ہیں اور اُس پر اصرار کرتے ہیں، اس کتاب کا مطالعہ مفید اور بہت سی غلط فہمیوں کی اصلاح کا موجب ہوگا ۔

**سفرِ حجاز** ۔ از جناب عبدالکریم صاحب ثمر ۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحات ۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ ۔ مندرجۂ ذیل پتہ پر مصنف سے ملیگی ۔ مکتبۂ عرفان ۔ اچھرہ لاہور ۔ مغربی پاکستان ۔

پچھلے چند برسوں میں حجازِ مقدس کے متعدد سفرنامے شائع ہوئے ہیں ۔ لیکن اس سفرنامہ کی

© rasailojaraid.com